سوال

مذی کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شہوت کے بعد جب آلہ تناسل سے پانی کی طرح بے رنگ سیال مادہ کے قطرے نکلیں تو کیا ان سے غسل واجب ہے یا اس صورت میں کیا کروں ؟ یہ مادہ جب کپڑے یا جسم کو لگ جائے تو کیا وہ ناپاک ہو جائے گا اور اس حالت میں مجھے کیا کرنا ہو گا براہ کرم راہنمائی فرمائیے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے !

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خارج ہونے والا یہ مادہ مذی کے نام سے مشہور ہے یہ سفید لیس دار پانی ہوتا ہے جو شہوت کے بعد یا مباشرت کو یاد کرنے وغیرہ کی حالت میں خارج ہوتا ہے یہ کپڑے وغیرہ کو لگ جائے تو اسے دھونا واجب ہے لیکن آدمی کے لئے غسل کرنا صرف اس صورت میں واجب ہے جب منی ٹپک کر لذت کے ساتھ خارج ہو منی سفید رنگ کا معروف پانی ہے اور مذی و منی میں رنگ اور حکم کے اعتبار سے فرق ظاہر ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص276

محدث فتویٰ